Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

17 اگست، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

اچھے اور بُرے وقتوں میں، مجھے معلوم ہے کہ آپ اپنے بچوں کا بہترین مفاد چاہتے ہیں۔ آپ انہیں محفوظ، صحتمند اور خوش رکھنا چاہتے ہیں۔ اور آپ چاہتے ہیں کہ یہ ہمیشہ تعلیم حاصل کریں، بڑے ہوں اور اور دنیا کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہو جائیں۔ ہمارے اسکول اس معاملے میں بہت اہم کردار ادا کر رہے ہیں، خاص طور پر ابھی، جب کہ ہمارے شہر کے بچے اتنا سب کچھ سے گذرے ہیں۔

ہمارے لیے، صحت اور حفاظت ہمیشہ مقدم رہی ہے۔ اس خزاں میں ہمارا اپنے ہر ایک طالب علم کے لیے نصب العین محفوظ، مضبوط اور مددگار تعلیمی ماحول اور ایک بہت عمدہ تعلیم ہے۔ اسکول کھلیں گے اور طلبا ہفتے میں پانچ دن تعلیم حاصل کریں گے - اس سے قطع نظر کہ وہ کہاں موجود ہیں۔

اب ہمیں بہت کچھ معلوم ہے کہ تعلیمی تجربہ کس طرح کام کرے گا۔ اس ہفتے کے Reopening Update for Families (اہل خانہ کے لیے دوبارہ کُھلنے کی تازہ ترین معلومات)، میں آپ ذیل کو پائیں گے:

- صحت اور حفاظت کی تازہ ترین معلومات بشمول ہواداری، اسکول نرسیں، اسکولوں میں جانچ اور پڑتال کے۔
- اپنی اسکول کمیونٹی میں مصدقہ COVID-19 کیسز کے بارے میں کیسے باخبر رہا جائے
- اہل خانہ انکے بچوں کی تعلیمی ترجیحات کو مکمل ریموٹ تعلیم سے کیسے آگے / پیچھے تبدیل کر سکتے ہیں۔
- اگر بچے ایک ایسے دن اسکول میں بذات خود موجود ہوں جس دن ان کا وہاں نہ ہونا شیڈول تھا تو کیا ہو گا
- انفرادی تعلیم پروگرام کے حامل طلبا کے لیے معاونتیں
- عارضی رہائش گاہوں اور رضاعی نگہداشت میں طلبا کے لیے معاونتیں

ہم جانتے ہیں کہ نئے تعلیمی سال کی منصوبہ بندی کرنا آسان نہیں ہوتا — خاص طور پر آپ، ہمارے اساتذہ، اسکول کے عملےاور ہمارے برادریوں کے لیے۔ لیکن مجھے یقین ہے کہ مل کر کام کر کے ہم مضبوطی سے تعلیمی سال کا آغاز کر سکتے ہیں۔ میں آپ کے پرنسپل حضرات، اور اسکول کے قائدین کی انتھک محنت کو سراہنا چاہتا ہوں، جنھوں نے تمام گرمیوں کے دوران اسکول کے پہلے دن کے لیے محنت کی۔

میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ آپ کی شراکت کی وجہ سے ہمارے لیے یہ ممکن ہو سکا کہ بذات خود موجودگی اور ریموٹ تعلیم دونوں کو زیر غور لائیں اور منصوبہ بندی کریں۔ ہمارے اسکول کی برادری میں آپ کی مسلسل شراکت اور شمولیت نہ صرف ہمارے طلبا کی کامیابی کو اس آنے والے تعلیمی سال میں یقینی بنانے میں اہم حصہ ہے بلکہ آنے والے سالوں کے لیے بھی ہے۔ ہمیں آپ کی اور آپ کے بچوں کی خدمت کرنے کا اعزاز حاصل ہے، وہ دن دور نہیں جب یہ نوجوان اس شہر کی باگ ڈور سنبھالیں گے۔

اس خط سے متعلق اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں برائے مہربانی اپنے پرنسپل سے رابطہ کریں۔ پرنسپل کی رابطہ کی معلومات کو آپ اپنے بچے کے اسکول کے Find a School پر تلاش کر سکتے ہیں:schoolsearch.schools.nyc . پرنسپل کی معلومات ہر اسکول کے ویب پیج پر یہاں schools.nyc.gov، "اسکول کے رابطے اور معلومات" کے حصے میں موجود ہو گی۔ اور ہمیشہ کی طرح، اسکول واپسی کے بارے میں تمام معلومات یہاں تلاش کی جا سکتی ہیں schools.nyc.gov/returntoschool2020۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمۂ تعلیم

NYC Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

# اہل خانہ کے لیے دوبارہ کُھلنے کی تازہ ترین معلومات: 17 اگست، 2020

ذیل میں تازہ ترین معلومات کو ہمارے اسکول کے دوبارہ کھلنے کے ویب پیج پر بھی شامل کیا گیا ہے،schools.nyc.gov/returntoschool2020 آنے والے سال کے بارے میں آپ کو معلومات کو تلاش کرنے میں مدد کرنے کے لیے یہ 7/24 دستیاب ہے۔

## صحت اور حفاظت کی تازہ ترین معلومات

اسکول کی عمارتوں کے لیے ستمبر میں کھلنے اور کھلے رہنے کے لیے، شہر کو ہفتے میں اوسطاً 3 فیصد سے کم تمام COVID-19 کی جانچوں کا مثبت ہونا مطلوب ہے۔ جون سے اب تک، شہر کے مثبت جانچ میں 1 اور2 فیصد کی شرح رہی ہے۔ اگر اسکول میں ایک مصدقہ کیس ہوا تو ہمارے ٹیسٹ کرنے، جانچ کرنے اور قرنطینہ کے لیے سخت اصول ہیں اور ہم پوری کوشش کریں گے کہ اگر ایک طالب علم یا اسکول کے عملے کا رکن بیماری محسوس کر رہا ہے یا ایک مصدقہ COVID-19 کیس سامنے آیا تو اسکولوں میں انفیکشن کو پھیلنے سے بچایا جائے۔

ہواداری کے بارے میں کئی خاندانوں کے سوالات ہیں۔ ہمارا عزم سادہ ہے: اگر ایک کمرے میں مناسب ہواداری نہیں ہے، اسے طلبا اور عملے کے لیے استعمال نہیں کیا جائے گا۔ ہم زیادہ سے زیادہ ممکنہ حد تک باہر کی ہوا کے اندر آنے کو ممکن بنانے کے لیے عمارتوں کا جائزہ لے رہے ہیں اور دیکھ بھال کر رہے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ اسکول کھلنے سے پہلے دیکھ بھال کا کم مکمل ہو جائے گا۔

آخر میں، اس خزاں میں، نیویارک شہر کے ہر اسکول کی عمارت اور شہر کے تمام ابتدائی طفلی پروگراموں کو نرسوں تک رسائی ہو گی۔ نیویارک شہر صحت بمعہ ہسپتالوں کی شراکت کی توسط سے، ہماری موجودہ نرسنگ جماعت کے علاوہ ہر طالب علم کو ہر روز ایک سندیافتہ نرس تک رسائی حاصل ہوگی، ہم ہمارے اسکولوں کو مسلسل محفوظ بنا کر اور COVID-19 کو روک کر اسکولوں کو دوبارہ کھولیں گے۔ نرسیں اسکول کے پہلے دن اپنی نشستوں پر موجود ہوں گے۔

## اپنی اسکول کمیونٹی میں مصدقہ COVID-19 کیسز کے بارے میں کیسے باخبر رہا جائے

جب تعلیمی سال کا آغاز ہو گا، ہم آپ سے فوری طور پر اور موثر انداز میں رابطہ کرنے کو یقینی بنانا چاہتے ہیں بشمول آپ کے بچے کے اسکول میں COVID-19 کے مصدقہ کیس کے بارے میں معلومات بانٹنے کے۔ برائے مہربانی نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ (NYCSA) کے لیے سائن اپ کریں تاکہ ہم آپ سے فون، ای میل یا ٹیکسٹ پیغام کے ذریعے رابطہ کر سکیں۔

آپ کا NYCSA اکاونٹ آپ کو اپنے بچے کے گریڈز، امتحانات کے اسکور، شیڈولز، نقل و حمل کی معلومات کے علاوہ بہت کچھ میں بھی مدد دے گا - کہیں سے بھی، اور محکمئہ تعلیم کی نو معیاری زبانوں میں ترجموں کے ساتھ۔ میں آپ کی اپنی رابطہ معلومات کو جدید رکھنے کی حوصلہ افزائی کروں گا، تاکہ ہم ہنگامی صورت میں آپ سے رابطے میں رہ سکیں۔ اگر آپ کا اکاونٹ نہیں ہے، آج ہی ذیل سائن اپ کریں .schools.nyc.gov/nycsa اس میں صرف پانچ منٹ لگیں گے!

## ایک کے بچے کی تعلیمی ترجیحات کو مکمل ریموٹ تعلیم سے کیسے آگے / پیچھے تبدیل کیا جائے۔

آپ کے اسکول کے پرنسپل، ضلع اور مرکزی منتظمین کی شراکت کے ساتھ، نیویارک شہر کے ہر پبلک اسکول میں مسلسل اسکول کی سطح پر منصوبہ سازی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ہم اس وقت ہمارے تین چوتھائی (700,000 سے زائد) طلبا کی تعلیمی سال کا آغاز ایک مخلوط تعلیمی نمونے کے ساتھ کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ اسکول کے ہفتے کے کچھ حصے میں اسکول کی عمارت میں بذات خود موجود ہو کر تعلیم حاصل کریں گے اور ہفتے کے باقی حصے میں گھر پر رہ کر ریموٹلی تعلیم جاری رکھیں گے۔ ہمارے محکمئہ تعلیم کمیونٹی کے باقی ماندہ خاندان مکمل ریموٹ تعلیمی نمونے میں سال کا آغاز کریں گے۔

آپ اپنے بچے کی کسی بھی وقت تعلیمی ترجیح کو آن لائن فارم کے ذریعے 100 فیصد ریموٹ تعلیم میں تبدیل کر سکتے ہیں: nycenet.edu/surveys/learningpreference. جن خاندانوں نے 100 فیصد ریموٹ تعلیم کا انتخاب کیا ہے وہ نومبر سے شروع، مخلوط تعلیم میں سہ ماہی بنیاد پر واپس آ سکتے ہیں۔

## اگر بچے ایک ایسے دن اسکول میں بذات خود موجود ہوں جس دن ان کا وہاں نہیں ہونا شیڈول تھا تو کیا ہو گا

اسکول اہل خانہ کو ان کے بچے کے اسکول میں بذاتِ خود موجود ہونے کے ایام کو واضح طور پر بتانے کے لیے ان کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ محکمئہ تعلیم اس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ آپ بچے کی نگہداشت کے متبادل انتظامات رکھیں اور ایک ایسی منصوبہ بندی کریں جس میں یہ یقینی بنایا جائے کہ آپ کا بچہ جس دن شیڈول نہ ہو اسکول نہ پہنچے۔ اگر کوئی طالب علم ایسے دنوں میں اسکول پہنچتا ہے جب انہیں ریموٹ تعلیم کے لیے شیڈول کیا گیا تھا، آپ کے بچے کا اسکول آپ کو اطلاع دے گا۔ وہ تمام طلبا جو ایک غیر شیڈول دن اسکول آگئے ہیں انہیں واپس گھر لے جانا ہو گا یا عمر اور دیگر عناصر کی بنا پر گھر بھیج دیا جائے گا۔ طلبا کے غلط دن اسکول آنے کے بارے میں پالیسیوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/returntoschool2020.

## انفرادی تعلیم پروگرام کے حامل طلبا کے لیے معاونتیں

محکمئہ تعلیم معذوری کے حامل طلبا کے لیے مخلوط تعلیم کے دوران بذات خود موجودگی میں تعلیم کے لیے رسائی فراہم کرے گا۔ اگر آپ کے بچے کا IEP متعلقہ خدمات کی تجویز کرتا ہے، آپ کو جلد ہی ایک سروے موصول ہو گا جس میں آپ سے آپ کی بذات خود موجودگی میں یا ریموٹ معالجے کے بارے میں ترجیح پر اظہار رائے کرنے کا کہا جائے گا۔ اسکول کے دوبارہ کھلنے پر، اسکول آپ کے بچے کے مخصوص شیڈول کے بارے میں بات کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا اور پوری ممکنہ کوشش کرے گا کہ آپ کی درخواست کو دستیاب خدمات سے ہم آہنگ کیا جائے۔ محکمئہ تعلیم جلد ہی معذوری کے حامل طلبا کے اہل خانہ کے لیے اضافی رہنمائی اور معلومات جاری کرے گا۔

## عارضی رہائش گاہوں اور رضاعی نگہداشت میں طلبا کے لیے معاونتیں

عارضی رہائش گاہوں اور رضاعی نگہداشت میں طلبا کو COVID-19 کے نیتجے میں بشمول ریموٹ تعلیم میں منتقلی کے، منفرد مشکلات کا سامنا ہے۔ ہم ان طلبا کو بشمول اسے یقینی بنانے کے کہ انہیں جلد ریموٹ تعلیم کے لیے (ڈیوائسس) آلات موصول ہو جائیں، اضافی معاونتیں فراہم کر رہے ہیں۔ پناہ گاہوں میں رہنے والے طلبا کو دیے جانے والے کسی بھی آلے میں سیلولر قابلیت ہو گی۔ جیسا ممکن اور مناسب ہوا، اسکول کے پروگرامنگ کے نمونے کے تحت، طالب علم کی مکمل ضروریات اور قابلیت کے مطابق عارضی رہائش گاہوں اور رضاعی نگہداشت میں طلبا کو اضافی بذات خود موجودگی میں تعلیم بھی مل سکتی ہیں۔